58- سابقہ یوگوسلاوین ریاست اور موجودہ آزاد ملک کروشیا کا دارالحکومت کون سا ہے؟
A. بلغراد B. کوسووو
C. زغرب D. ترانہ

59- 3 اکتوبر 1990ء سے جرمنی کا دارالحکومت کون سا ہے؟



A. بون B. برلن
C. کولون D. فرینکفرٹ

60- گوئٹے مالا کا سرکاری نام کیا ہے؟
A. ری پبلک گوئٹے مالا B. پیپلز ری پبلک گوئٹے مالا
C. ری پبلیکا ڈی گوئٹے مالا D. ریپبلک ڈیموکریٹک گوئٹے مالا

61- پورٹ مورسبے کس ملک کا دارالحکومت ہے؟
A. پلاؤ B. پاپوا نیوگنی
C. جیکا D. ڈومینیکن ری پبلک

62- انڈونیشیا کتنے جزائر پر مشتمل ہے؟
A. 18000 B. 14000
C. 17000 D. 19000

63- دُنیا میں شدید ترین زلزلہ جسکی ریچر سکیل پر شدت 9.5 (Magnitude) محسوس کی گئی 22 مئی 1960ء کو کہاں آیا؟
A. الاسکا (امریکہ) B. چلی
C. انڈونیشیا D. ایکواڈور

64- ماؤنٹ ایورسٹ دُنیا کی بلند ترین چوٹی (8848 میٹر) ہے۔ کوہ ہمالیہ کی یہ چوٹی کن دو ممالک کے درمیان ہے؟
A. چین/بھارت B. نیپال/بھوٹان
C. نیپال/چین D. بھوٹان/چین

65- صحرائے تھر جو پاکستان اور بھارت کے درمیان واقع ہے، کا کل رقبہ کتنا ہے؟
A. ایک لاکھ مربع میل B. 95 ہزار مربع میل
C. 10 ہزار 800 مربع میل D. 11 ہزار مربع میل

66- جاپان میں شرح خواندگی کیا ہے؟
A. %90 B. %75
C. %98 D. %100

67- کویت میں مقامی آبادی کل آبادی کا کتنے فیصد ہے؟
A. %95 B. %45
C. %65 D. %48

68- کرغیزستان (سابقہ سوویت ریاست) نے آزادی کا اعلان کب کیا؟
A. 31 اگست 1991ء B. 30 ستمبر 1990ء
C. 21 دسمبر 1991ء D. 22 دسمبر 1991ء

69- لیبیا میں عرب بربر نسل کی آبادی کل آبادی کا کتنے فیصد ہے؟
A. %40 B. %90
C. %97 D. %51

70- مقدونیہ کو کس تاریخ کو اقوام متحدہ نے ممبر بنایا؟
A. 16 مارچ 1994ء B. 2 فروری 1994ء
C. 8 اپریل 1993ء D. ممبر نہیں بنایا

71- کیتھولک براسیلیکا چرچ دُنیا کا سب سے بڑا چرچ ہے۔ یہ کس ملک میں واقع ہے؟

A. آسٹریا B. سپین
C. ویٹیکن سٹی D. رومانیہ

72- کانگریس لائبریری امریکہ دُنیا کی سب سے بڑی لائبریری ہے۔اس میں 470 زبانوں میں کتنے ملین کتب کے نمونے ہیں؟
A. 100 ملین B. 95 ملین
C. 97 ملین D. 80 ملین

73- لیونا لسٹائی عظیم ناول نگار جس کا ناول War and Peace شاہکار کہلاتا ہے' کس ملک سے تعلق رکھتا تھا؟
A. فرانس B. یونان
C. روس D. ہنگری

74- دنیا کا سب سے پُرامن ملک کون سا ہے؟
A. آئس لینڈ B. چین
C. اٹلی D. کینیڈا

75- برمودا جس کا رقبہ 20 مربع میل ہے' کس ملک کی نوآبادی ہے؟
A. آسٹریلیا B. برطانیہ
C. نیدرلینڈز D. پرتگال

جوابات

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| C | 3 | A | 2 | B | 1 |
| C | 6 | B | 5 | D | 4 |
| B | 9 | C | 8 | B | 7 |
| D | 12 | C | 11 | A | 10 |
| B | 15 | C | 14 | B | 13 |
| B | 18 | B | 17 | D | 16 |
| C | 21 | B | 20 | B | 19 |
| C | 24 | D | 23 | C | 22 |
| B | 27 | A | 26 | D | 25 |
| C | 30 | C | 29 | C | 28 |
| C | 33 | A | 32 | B | 31 |
| B | 36 | C | 35 | A | 34 |
| C | 39 | D | 38 | C | 37 |
| B | 42 | B | 41 | A | 40 |
| A | 45 | C | 44 | A | 43 |
| B | 48 | B | 47 | A | 46 |
| A | 51 | A | 50 | C | 49 |
| B | 54 | D | 53 | B | 52 |
| B | 57 | C | 56 | C | 55 |
| C | 60 | B | 59 | C | 58 |
| B | 63 | C | 62 | B | 61 |
| C | 66 | A | 65 | C | 64 |
| C | 69 | A | 68 | B | 67 |
| D | 72 | C | 71 | C | 70 |
| B | 75 | A | 74 | C | 73 |



# ممالک/دارالحکومت/رقبہ/آبادی

1- افغانستان کا رقبہ کیا ہے؟
A. 647500 مربع کلومیٹر B. 740800 مربع کلومیٹر
C. 645400 مربع کلومیٹر D. 117400 مربع کلومیٹر

2- افغانستان کا دوسرا بڑا شہر کون سا ہے؟
A. ہرات B. مزار شریف
C. قندھار D. غزنی

3- البانیہ کی آبادی کیا ہے؟
A. 3,330,754 B. 3,337,951
C. 3,331,741 D. 3,334,940

4- البانیہ میں مسلم آبادی کتنی ہے؟
A. %40 B. %75
C. %70 D. %69

5- انڈوراکس براعظم میں واقع ہے؟
A. افریقہ B. جنوبی امریکہ
C. ایشیا D. یورپ

6- انڈوراکی آبادی کتنی ہے؟
A. 64,716 B. 69,818
C. 74,911 D. 133,912

7- اینٹیگا اینڈ باربوڈا کا رقبہ کتنا ہے؟
A. 178 مربع میل B. 174 مربع میل
C. 171 مربع میل D. 169 مربع میل

8- ارجنٹائن کا رقبہ کتنے مربع کلومیٹر ہے؟
A. 1,072,067 B. 1,001,767
C. 2,071,900 D. 2,071,901

9- ارجنٹائن کے دارالحکومت کا نام کیا ہے؟
A. بلوپان B. بیونس آئرس
C. لیما D. سینٹ جانز

10- آرمینیا کا رقبہ کتنا ہے؟
A. 14,100 مربع میل B. 13,700 مربع میل
C. 17,660 مربع میل D. 11,500 مربع میل

11- آرمینیا کی آبادی کتنی ہے؟
A. 3,421,775 B. 4,421,775
C. 3,331,960 D. 4,441,370

12- آذربائیجان کا دارالحکومت کون سا ہے؟
A. تاشقند B. باکو
C. اشک آباد

-13 پاناما کس براعظم کا ملک ہے؟
A. افریقہ B. شمالی امریکہ
C. یورپ D. جنوبی امریکہ

-14 نیدرلینڈز کا دارالحکومت کون سا ہے؟
A. اوسلو B. باکو
C. ایمسٹرڈیم D. کوپن ہیگن

-15 منگولیا کا رقبہ کتنے مربع کلومیٹر ہے؟
A. 1,565,000 B. 1,470,000
C. 1,391,470 D. 1,470,399

-16 مڈغاسکر میں مسلمانوں کی آبادی کتنے فیصد ہے؟
A. %18 B. %7
C. %10 D. %41

-17 کرغزستان میں شرح خواندگی کیا ہے؟
A. %90 B. %75
C. %100 D. %47

-18 گرینا ڈا کے دارالحکومت کا نام کیا ہے؟
A. سینٹ پیٹرز B. سینٹ جانز
C. آرچل

-19 گابون کی کرنسی کا کیا نام ہے؟
A. دینار B. فرانک CFA
C. گابون ڈالر D. کواچا

-20 فن لینڈ کی آبادی کتنی ہے؟
A. 5,149,242 B. 3,170,493
C. 6,001,911 D. 7,071,931

جوابات

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| A | 3 | C | 2 | A | 1 |
| A | 6 | D | 5 | C | 4 |
| B | 9 | A | 8 | C | 7 |
| B | 12 | A | 11 | D | 10 |
| A | 15 | C | 14 | D | 13 |
| B | 18 | C | 17 | B | 16 |
| | | A | 20 | B | 19 |

## ملک اور اُنکی کرنسی (Countries & Monetary Unit)

-1 اسرائیلی کرنسی کا نام کیا ہے؟
A. لیک B. شیکل
C. زلوٹی D. گورانی

-2 ہنڈوراس میں کون سا سکہ استعمال ہوتا ہے؟



A. بالبوآ B. فرانک
C. ڈالر D. کرونا

-3 سوازی لینڈ کی کرنسی کا نام کیا ہے؟
A. پیسو B. فرانک
C. نگلترم D. لانگنی

-4 انگولا میں کون سی کرنسی استعمال ہوتی ہے؟
A. کوانزا B. بٹ
C. لیرا D. پنٹ

-5 البانیہ کی کرنسی کون سی ہے؟
A. پاؤنڈ B. لیک
C. شلنگ D. کرون

-6 جنوبی افریقہ کی کرنسی کا نام کیا ہے؟
A. پاؤنڈ B. فرانک
C. رینڈ D. ڈالر

-7 بلغاریہ میں استعمال ہونے والی کرنسی کا نام کیا ہے؟
A. لیو B. پولا
C. پیسو D. پیسیٹا

-8 آئس لینڈ کی کرنسی کا نام بتائیں۔
A. لیرا B. کرونا
C. ایسکوڈو D. زلوٹی

-9 ترکی کے سکہ کا نام کیا ہے؟
A. کرون B. کرونا
C. ریال D. لیرا

-10 کرغزستان کی کرنسی کون سی ہے؟
A. وانٹو B. سم
C. مبات D. لِٹ

-11 موزمبیق میں کون سی کرنسی استعمال ہوتی ہے؟
A. نائرا B. فورنٹ
C. میٹیکل D. طغرک

-12 مالاگاسی میں کون سی کرنسی استعمال ہوتی ہے؟
A. پاؤنڈ B. فرانک
C. پٹاکا D. کواچا

-13 وینزویلا کی کرنسی کا نام کون سا ہے؟
A. بولیوار B. ڈونگ
C. وارشا D. تنگی

-14 یوراگوئے میں کون سی کرنسی استعمال میں ہے؟
A. ڈالر B. پیسو
C. فرانک D. گورڈ

15- گوئے مالا کی کرنسی کیا ہے؟
A. اوگیا
B. لیون
C. فرانک
D. کوئٹزل

16- ہیٹی کی کرنسی کا نام بتائیں۔
A. گورڈ
B. رینڈ
C. منات
D. وون

17- سورینام میں کون سی کرنسی استعمال ہوتی ہے؟
A. مارک
B. روفیا
C. گلڈر
D. رنگٹ

18- تھائی لینڈ کی کرنسی کا نام بتائیں۔
A. بھات
B. روپیہ
C. ین
D. ڈوبرا

19- ساؤتھ ایسٹ پرنسپی کی کرنسی کون سی ہے؟
A. پانگا
B. دلاسی
C. ڈوبرا
D. سیڈی

20- جرمنی کی کرنسی کا نام کیا ہے؟
A. پاؤنڈ
B. مارک
C. شلنگ
D. لیرا

21- مکاؤ میں زیر استعمال کرنسی کا نام کیا ہے؟
A. پنگا
B. پٹاکا
C. کواچا
D. فرانک

22- سان مرینو میں کون سی کرنسی استعمال ہوتی ہے؟
A. برطانوی پاؤنڈ
B. فرانک
C. ترکی لیرا
D. اطالوی لیرا

23- عراق کی کرنسی کا نام کیا ہے؟
A. دینار
B. درہم
C. ریال
D. لیرا

24- لاؤس میں کون سی کرنسی استعمال ہوتی ہے؟
A. وارشم
B. کپ
C. ملوٹی
D. وانٹو

## جوابات

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | B | 2 | C | 3 | D |
| 4 | A | 5 | B | 6 | C |
| 7 | A | 8 | B | 9 | D |
| 10 | B | 11 | C | 12 | B |
| 13 | A | 14 | B | 15 | D |
| 16 | A | 17 | C | 18 | A |
| 19 | C | 20 | B | 21 | B |
| 22 | D | 23 | A | 24 | |



# دُنیا میں سب سے بڑا / پہلا

◉ **دُنیا کی سب سے بڑی افطار پارٹی:** دنیا کی سب سے بڑی افطار کا اہتمام مکہ مکرمہ میں حرم کعبہ میں کیا جاتا ہے۔ ہر روز 12000 میٹر طویل دسترخوان بچھائے جاتے ہیں۔ افطار کا انتظام کرنے پر ہر روز 10 لاکھ ریال خرچ کیے جاتے ہیں۔ حکومت کی جانب سے کھجوریں' آب زمزم' جوس' دودھ اور کیک وغیرہ دیے جاتے ہیں۔ حرم کعبہ میں یومیہ روز 50 لاکھ کھجوریں روزہ داروں کے سامنے پیش کی جاتی ہیں جبکہ وہاں تقریباً 12 لاکھ افراد مغرب کی نماز ادا کرنے کے لیے آتے ہیں۔ یعنی ایک شخص کے حصے میں تین کھجوریں آتی ہیں۔ نمازی افطار کے دوران آب زمزم کی 20 لاکھ سے زیادہ بوتلیں استعمال کرتے ہیں۔ حرم کے اندر اور باہر دسترخوان بچھنے سے لے کر اٹھنے اور صفائی ہونے تک محض 15 منٹ کا وقت لگتا ہے۔ اس کام کے لیے مختلف اداروں کے اہلکار اور صفائی کرنے والے خدام موجود ہوتے ہیں۔

◉ **دُنیا میں سب سے بڑی رضا کارانہ ایمبولینس سروس:** ایدھی ایمبولینس سروس (پاکستان) دُنیا کی سب سے بڑی رضا کارانہ (Volunteer) ایمبولینس سروس ہے جس کا سالانہ بجٹ 5 ملین ڈالر سے زائد ہے۔ عبدالستار ایدھی کی قائم کردہ یہ سروس 500 سے زائد ایمبولینس گاڑیوں' 300 امدادی کیمپس' 3 ائر ایمبولینس' 24 ہسپتالوں اور 3 نشیات سے بچاؤ کے سینٹرز پر مشتمل ہے۔ خواتین کے دارالامان' فری شفاخانے اور Soup Kitchens اس کے علاوہ ہیں جہاں سے ماہانہ ایک لاکھ ضرورت مندوں کو غذا بہم پہنچائی جاتی ہے۔ ایدھی نے زندگی بھر رضا کارانہ کام سے ایک دن کی بھی چھٹی نہیں کی۔ انہیں 22 ستمبر 2010ء کو برطانیہ کی بریڈفورڈ شائر یونیورسٹی نے ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری عطا کی۔

◉ **دُنیا کی سب سے بڑی عمارت:** 4 جنوری 2010ء کو دوبئی میں دنیا کی سب سے بڑی عمارت ''برج الخلیفہ'' کا افتتاح ہوا جس کی بلندی 828 میٹر' 160 منازل اور 56 لفٹیں ہیں۔ عمارت میں اپارٹمنٹس' کاروباری مراکز' شوپنگ پلازہ' دفاتر اور ہوٹلز وغیرہ ہیں۔ عمارت 95 کلومیٹر دور سے بھی دیکھی جا سکتی ہے۔

◉ **دُنیا کا سب سے بڑا تعمیراتی منصوبہ:** چین میں Three Gorges Dam کا تعمیراتی پراجیکٹ جو زیر تعمیر ہے' دُنیا کا سب سے بڑا تعمیراتی پراجیکٹ ہے۔ یہ پراجیکٹ 24.5 بلین امریکی ڈالر کی لاگت سے تیار ہوگا۔ ڈیم میں پانی جمع کرنے کی جھیل سنگاپور کے رقبہ کے برابر ہے۔

◉ **دُنیا میں سب سے اُونچا ہوٹل:** The Grand Hyatt ہوٹل شنگھائی (چین) جن ماؤ ٹاور کی 88 منزلوں میں سب سے اُوپر کی 35 منزلوں پر مشتمل دنیا کا سب سے اُونچا ہوٹل ہے۔ جن ماؤ ٹاور دُنیا کی پانچویں بلند ترین عمارت ہے۔ یہ ہوٹل 18 مارچ 1999ء کو کھولا گیا۔

◉ **دُنیا کا ہلکا اور بھاری ترین عنصر:** کیلیفورنیا (امریکہ) کی لارنس لیور مور نیشنل لیبارٹری کے سائنس دانوں نے جنوری 1999ء میں دنیا کا ہلکا اور بھاری ترین عنصر Element 114 دریافت کیا۔ Element 114 میں 114 پروٹانز ہیں۔

◉ **دُنیا میں سب سے بڑا شمسی توانائی کا پلانٹ:** کیلیفورنیا (امریکہ) کے Majave صحرا میں LSP8 & 9 ہارپر لیک سائٹ پلانٹ دنیا کا سب سے بڑا شمسی توانائی کا پلانٹ ہے۔ یہ پلانٹ 1,280 ایکڑ پر مشتمل ہے۔ 21 دسمبر 2000ء تک اس کی پیداواری گنجائش 160MW تھی۔

◉ **دُنیا میں سب سے زیادہ فروخت ہونے والی بچوں کی کتاب:** R.L. Stine کی تحریر کردہ Guosebumps Series کتب دنیا میں بچوں کی سب سے زیادہ فروخت ہونے والی کتابیں ہیں۔ 1992ء میں اس سیریز کی پہلی کتاب Dead House شائع ہوئی تھی۔ دسمبر 2000ء تک اس سیریز کی 220 ملین کاپیاں فروخت ہو چکی تھیں۔

◉ **دُنیا میں سب سے بڑی کتب کی دکان:** Barnes and Noble بک سٹور نیویارک سٹی (امریکہ) دُنیا میں کتب کی سب سے بڑی دکان ہے جو 154,250 فٹ کا رقبہ گھیرتی ہے اور جس کی Shelving 12 میل لمبائی 4,594 فٹ ہے۔

◉ **سب سے بڑا سیارہ:** مشتری نظام شمسی کا سب سے بڑا سیارہ ہے۔ اس کا قطر 142,800 کلومیٹر ہے۔ نظام شمسی کے دوسرے سیاروں کی نسبت یہ اڑھائی گنا زیادہ کمیت رکھتا ہے۔

◉ **سب سے چھوٹا سیارہ:** پلوٹو سب سے چھوٹا سیارہ ہے۔ یہ ہمارے نظام شمسی کا سب سے بیرونی سیارہ ہے اور جمی ہوئی گیسوں کا ایک گیند ہے۔ اس کا حجم زمین کے چاند کے حجم جتنا ہے۔ کلائیڈ ٹومبا نے 1930 میں پلوٹو دریافت کیا۔ 2006ء میں فلکیاتی ماہرین نے پلوٹو کی سیارے کی حیثیت ختم کر دی۔ جون 2008ء میں سائنسدانوں نے پلوٹو کا درجہ کم کر کے ''پلوٹو نیڈ'' کا نام دے دیا۔

◉ **سب سے روشن سیارہ:** زہرہ سب سے روشن سیارہ ہے۔ چمک دمک میں صرف چاند اس سے بڑھ کر ہے۔ اس کو صبح یا شام کا ستارہ کہا جاتا ہے۔

◉ **سب سے بڑا بحر:** بحرالکاہل دنیا کا سب سے بڑا بحر ہے۔ یہ ایشیا' آسٹریلیا' قطب جنوبی اور امریکہ کے درمیان پھیلا ہوا ہے۔ اس کا رقبہ 60,060,700 مربع میل (155,557,000 مربع کلومیٹر) ہے۔

◉ **سب سے چھوٹا سمندر:** بحر ہند دنیا کے تین بڑے سمندروں میں سے ایک ہے۔ اس کا رقبہ 26,469,500 مربع میل (68,556,000 مربع کلومیٹر) ہے۔ بحر ہند براعظم ایشیا کے جنوب میں واقع ہے اور آسٹریلیا تک پھیلا ہوا ہے۔

◉ **سب سے بڑا ریگستان:** صحارا (صحرائے اعظم) دنیا کا سب سے بڑا ریگستان ہے۔ اس کا رقبہ 3,474,171 مربع میل (9,000,000 مربع کلو
ہے اور یہ شمالی افریقہ کے بیشتر حصے پر محیط ہے۔

◉ **سب سے زیادہ آبادی والا ملک:** آبادی کے لحاظ سے چین دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے۔ 2006ء کے ایک اندازے کے مطابق اس کی آ
1,313,973,713 ہے۔ اس کے بعد زیادہ آبادی رکھنے والے ممالک بھارت 1,095,351,995، امریکہ 298,444,215، انڈو
245,452,739، برازیل 188,078,227، رشین فیڈریشن 142,893,540، پاکستان 165,803,560، بنگلہ دیش 147,365,352 اور جاپ
127,463,611 ہیں۔

◉ **سب سے کم آبادی والا ملک:** ویٹیکن سٹی (اٹلی) دنیا کا سب سے کم آبادی والا ملک ہے۔ اس کی آبادی 911 افراد پر مشتمل ہے۔

◉ **سب سے بڑی جمہوریت:** بھارت کو دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت سمجھا جاتا ہے اس کی آبادی 1,095,351,995 ہے۔

◉ **رقبہ کے لحاظ سے سب سے بڑا اسلامی ملک:** رقبہ کے لحاظ سے قازقستان دنیا کا سب سے بڑا اسلامی ملک ہے۔ اس کا رقبہ 1,049,150 مربع
(2,717,300 مربع کلومیٹر) ہے۔ اس کی سرحدیں رشین فیڈریشن، چین، کرغزستان، ازبکستان اور ترکمانستان کے ساتھ ملتی ہیں۔ اس کے بحر کیسپ
کے ساتھ ساحل کی لمبائی 1,177 میل (1,894 کلومیٹر) ہے۔

◉ **رقبہ کے لحاظ سے سب سے چھوٹا اسلامی ملک:** رقبہ کے لحاظ سے مالدیپ دنیا کا سب سے چھوٹا اسلامی ملک ہے۔ اس کا رقبہ 116 مربع میل (300
مربع کلومیٹر) ہے، جو کہ واشنگٹن ڈی سی کے رقبہ سے صرف ڈیڑھ گنا ہے۔

◉ **آبادی کے لحاظ سے سب سے بڑا اسلامی ملک:** انڈونیشیا آبادی کے لحاظ سے دنیا کا سب سے بڑا اسلامی ملک ہے۔ اس کی آبا
245,452,739 ہے۔ پاکستان 165,803,560 آبادی کے ساتھ دوسرے نمبر پر، بنگلہ دیش 147,365,352 آبادی کے ساتھ تیسرے نمبر پر
نائجیر یا 131,859,731 آبادی کے ساتھ چوتھے نمبر پر ہیں۔

◉ **آبادی کے لحاظ سے سب سے چھوٹا اسلامی ملک:** آبادی کے لحاظ سے دنیا کا سب سے چھوٹا اسلامی ملک مالدیپ ہے۔ اس کی آبا
359,008 ہے جو کہ زیادہ تر سنی عقیدہ سے تعلق رکھتی ہے۔

◉ **20ویں صدی میں دنیا کی سب سے زیادہ آبادی:** 19 جولائی 1999ء کو 12.24 منٹ 2 سیکنڈ (GMT) پر دنیا کی آبادی 6 ارب ہوگئی تھی۔ 2005
میں دنیا کی آبادی ساڑھے 6 ارب ہوگئی۔

◉ **سب سے بڑا جزیرہ:** گرین لینڈ جو کہ شمالی امریکہ کے شمال مشرق میں واقع ہے، دنیا کا سب سے بڑا جزیرہ ہے۔ اس کا رقبہ 131,931 مربع میل
(341,701 مربع کلومیٹر) ہے۔ رقبہ کے اعتبار سے دوسرا بڑا جزیرہ نیوگنی ہے جس کا رقبہ 309,000 مربع میل ہے۔

◉ **سب سے بڑا جزیرہ نما:** سعودی عرب دنیا کا سب سے بڑا جزیرہ نما ہے۔ اس کا رقبہ 1,250,000 مربع میل (3,250,000 مربع کلومیٹر) ہے۔

◉ **سب سے زیادہ آبادی والا میٹروپولیٹن علاقہ:** 2005ء کے ایک جائزے کی رو سے ٹوکیو (جاپان) دنیا کا سب سے زیادہ آبادی والا علاقہ ہے
2005ء میں اس کی آبادی 35,327,000 تھی۔

◉ **سطح سمندر سے بلند ترین سطح مرتفع:** سطح مرتفع تبت (ایشیا) کی سطح سمندر سے بلندی دنیا میں سب سے زیادہ ہے۔ یہ سطح سمندر سے 4,900 میٹر
(16,000 فٹ) بلند ہے۔

◉ **بلند ترین دارالحکومت:** جنوبی امریکہ کے ملک بولیویا کا دارالحکومت لاپاز دنیا کا بلند ترین دارالحکومت ہے۔ یہ سطح سمندر سے 3,630 میٹر
(11,910 فٹ) کی بلندی پر واقع ہے۔

◉ **سب سے کم عمر نوبل انعام پانے والی شخصیت:** ملالہ یوسفزئی نے 2014ء کا نوبل امن انعام 17 سال کی عمر میں حاصل کر کے منفرد اعزاز حاصل کیا۔

◉ **سب سے بڑی قدرتی جھیل:** بحیرہ کیسپین دنیا کی سب سے بڑی قدرتی جھیل ہے۔ اس کی سرحدیں روس، قازقستان، آذربائیجان، ایران اور
ترکمانستان سے ملتی ہیں۔ اس کا رقبہ 152,239 مربع میل (394,299 مربع کلومیٹر) ہے۔ کینیڈا میں واقع جھیل سپیریئر 31,820 مربع میل رقبہ کے
ساتھ دوسرے نمبر پر اور جھیل وکٹوریہ 26,828 مربع میل رقبہ کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔

◉ **سب سے بڑی مصنوعی جھیل:** گھانا کی جھیل وولٹا دنیا کی سب سے بڑی مصنوعی جھیل ہے۔ اس کا رقبہ 3,275 مربع میل (8,482 مربع کلومیٹر
ہے جو یہ ایکوسومبوڈیم کے آبی ذخیرے کا کام کرتی ہے۔

◉ **نمکین پانی کی سب سے بڑی جھیل:** بحیرہ کیسپین (ایشیا) کو دنیا کی سب سے بڑی نمکین پانی کی جھیل سمجھا جاتا ہے۔ یہ 143,240 مربع
میل (370,992 مربع کلومیٹر) علاقہ پر محیط ہے۔

◉ **بلند ترین مقام پر واقع جھیل:** کوہ ہمالیہ کے دامن میں واقع جھیل پنج پوکھری دنیا کی بلند ترین جھیل ہے۔ سطح سمندر سے اس کی بلندی 5,414 میٹر
(17,762 فٹ) ہے۔

◉ **سب سے گہری جھیل:** روس میں واقع جھیل بیکال کی زیادہ سے زیادہ گہرائی 5,712 فٹ ہے۔ جھیل ٹانگانیکا 4,708 فٹ گہرائی کے ساتھ دوسرے نمبر
پر ہے۔

◉ **سب سے زیادہ پودے لگانے کا ریکارڈ:** پاکستان نے 15 جولائی 2009ء کو ٹھٹھہ [illegible]

پورے لگا کر بھارت کا ریکارڈ توڑ کر نیا عالمی ریکارڈ بنایا۔ 300 رضا کاروں نے 5 گھنٹے مسلسل کام کر کے ریکارڈ بنایا۔ 16 جولائی 2009ء کو گینز بک آف ورلڈ ریکارڈ نے ریکارڈ بنانے پر پاکستان کو شیلڈ اور سند جاری کی۔

● **سب سے لمبا دریا:** دریائے نیل (مصر) دنیا کا سب سے لمبا دریا ہے۔ یہ شمالی افریقہ میں بہتا ہے۔ اس کی مجموعی لمبائی 4,180 میل (6,690 کلومیٹر) ہے۔ دریائے ایمیزون (شمالی امریکہ) 3,912 میل (6,296 کلومیٹر) لمبائی کے ساتھ دوسرے نمبر پر اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں واقع دریائے مسیسپی 3,710 میل (5,970 کلومیٹر) لمبائی کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔

● **سب سے بڑا سمندر:** جنوبی چین کا سمندر دنیا کا سب سے بڑا سمندر ہے۔ اس کا رقبہ 895,400 مربع میل (2,319,000 مربع کلومیٹر) ہے۔

● **سب سے بڑی خلیج:** خلیج بنگال 839,000 مربع میل (2,172,000 کلومیٹر) رقبہ پر محیط ہونے کے باعث دنیا کی سب سے بڑی خلیج ہے۔ تاہم ساحل سمندر کی لمبائی کی لحاظ سے کینیڈا میں واقع خلیج ہڈسن سرفہرست ہے۔ اس کے ساحل کی لمبائی 7,623 میل ہے۔

● **سب سے بڑا ڈیلٹا:** بنگال میں دریائے برہم پترا اور دریائے گنگا سے بننے والا ڈیلٹا دنیا کا سب سے بڑا ڈیلٹا ہے۔ یہ 30,000 مربع میل (75,000 مربع کلومیٹر) علاقہ پر پھیلا ہوا ہے۔

● **سب سے بڑی خلیج:** خلیج میکسیکو (شمالی امریکہ) دنیا کی سب سے بڑی خلیج ہے۔ اس کا رقبہ 615,000 مربع میل (1,592,800 مربع کلومیٹر) ہے۔ اس کا 3,100 میل (4,990 کلومیٹر) لمبا ساحل میکسیکو میں واقع کیبو کیٹوچے سے لیکر کیپ سیبل (فلوریڈا) تک پھیلا ہوا ہے۔ یہ میکسیکو کا تمام مشرقی ساحل اور امریکہ کی ریاستوں ٹیکساس، لوزیانا، مسیسپی، الاباما، جارجیا اور فلوریڈا کے ساحل بناتا ہے۔

● **سب سے عظیم پہاڑی سلسلہ:** ایشیا میں واقع کوہ ہمالیہ کا پہاڑی سلسلہ دنیا کا سب سے عظیم پہاڑی سلسلہ ہے۔ کوہ ہمالیہ ایک غربا شرقاً 125 تا 250 میل چوڑی قوس کی صورت میں ہندوستان کی شمالی سرحد کے ساتھ ساتھ 1,500 میل (2,400 کلومیٹر) تک پھیلا ہوا ہے۔ دنیا کی بلند ترین چوٹی ماؤنٹ ایورسٹ اسی سلسلے میں واقع ہے۔

● **سب سے طویل پہاڑی سلسلہ:** جنوبی امریکہ کا پہاڑی سلسلہ انڈس دنیا کا طویل ترین پہاڑی سلسلہ ہے۔ اس کی لمبائی 4,500 میل (7,250 کلومیٹر) ہے۔ یہ کیپ ہارن سے لیکر خاکنائے پانامہ تک پھیلا ہوا ہے۔

● **بلند ترین چوٹی:** ماؤنٹ ایورسٹ (27,59 N 86,56 E) دنیا کی بلند ترین چوٹی ہے۔ یہ کوہ ہمالیہ میں نیپال اور تبت کی سرحد پر واقع ہے۔ اس کی بلندی 8,850 میٹر (29,035 فٹ) ہے۔ سب سے پہلے ایڈمنڈ ہلیری اور شرپا نے 29 مئی 1953ء کو اسے سر کیا۔ دوسرے نمبر پر کے ٹو (گڈون آسٹن) کی چوٹی ہے جو کہ 8,611 میٹر (28,250 فٹ) بلند ہے۔

● **سب سے بڑی دریائی کھائی:** ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں دنیا کی سب سے بڑی دریائی کھائی ہے۔ یہ کھائی دریائے کلوریڈو نے کثیر رنگی چٹانوں کی اقسام تہوں کی کٹائی کر کے بنائی ہے۔ یہ 280 میل (451 کلومیٹر) لمبی، 4 سے 18 میل (6 سے 29 کلومیٹر) چوڑی اور ایک میل (1.5 کلومیٹر) گہری ہے۔

● **سب سے مقبول آبشار:** دنیا میں بے شمار آبشاریں ہیں، جو کہ بلندی، لمبائی اور چوڑائی میں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ ہر آبشار اپنی منفرد خوبصورتی کی حامل ہے۔ تاہم آبشار نیاگرا کو سیاحوں میں سب سے زیادہ مقبولیت حاصل ہے۔ حقیقت میں یہ دو آبشاروں کا مجموعہ ہے، جو کہ امریکہ، کینیڈا سرحد پر دو جھیلوں ایری اور اونٹاریو کے درمیان دریائے نیاگرا پر واقع ہے۔ امریکی آبشاریں سیدھی ہیں جب کہ کینیڈین آبشاریں خم دار ہیں۔ یہ آبشاریں شاندار منظر پیش کرتی ہیں۔ ہر سال لاکھوں سیاح نیاگرا آبشار کو دیکھنے جاتے ہیں۔

● **بلند ترین آبشار:** وینزویلا میں واقع سالٹو اینجل آبشار دنیا کی بلند ترین آبشار ہے۔ اس کی بلندی 3,212 فٹ (979 میٹر) ہے۔

● **سب سے بڑا آبی ذخیرہ:** یوگنڈا میں جھیل وکٹوریہ اور دریائے نیل پر واقع اوون فالز کے آبی ذخیرے کی گنجائش 27 لاکھ مکعب میٹر ہے۔ اس طرح یہ دنیا کا سب سے بڑا آبی ذخیرہ ہے۔ اس میں ایک قدرتی جھیل بھی شامل ہے۔ یوکرائن میں واقع کاخوف سکایا کا آبی ذخیرہ 182,000 مکعب فٹ گنجائش کے ساتھ دنیا میں دوسرے نمبر پر ہے۔

● **حجم کے لحاظ سے سب سے بڑا ڈیم:** ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں واقع نیو کارنیلیا ٹیلنگز 209,500 ملین مکعب میٹر حجم کے ساتھ حجم کے لحاظ سے دنیا کا سب سے بڑا ڈیم ہے۔ دوسرے نمبر پر پاکستان کا تربیلا ڈیم ہے جس کا حجم 121,720 ملین مکعب میٹر ہے۔

● **سب سے زیادہ بلندی پر واقع ڈیم:** تاجکستان کے دریائے واخش پر واقع روگن ڈیم 335 میٹر (1,099 فٹ) کی بلندی کے ساتھ دنیا کا سب سے زیادہ بلندی پر واقع مکمل شدہ ڈیم ہے۔ تاجکستان میں واقع ایک اور ڈیم نوریک کی بلندی 300 میٹر ہے جو کہ دنیا کا دوسرا بلند ترین ڈیم ہے۔

● **سب سے لمبا ڈیم:** دریائے ڈنیپر پر تعمیر شدہ وڈیم دنیا کا سب سے لمبا ڈیم ہے۔ اس کی لمبائی 25.6 میل (41.2 کلومیٹر) ہے۔

● **سب سے بڑا پن بجلی گھر:** برازیل کے دریائے پارانہ پر تعمیر شدہ تیپو پاور سٹیشن دنیا کا سب سے بڑا پن بجلی گھر ہے۔ اس کی بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت 13,320 میگا واٹ ہے۔ وینزویلا کا گوری پاور سٹیشن (10,300 میگا واٹ) دوسرے اور واشنگٹن (امریکہ) کا گرینڈ کولی پاور پلانٹ (9,070 میگا واٹ) تیسرے نمبر پر ہے۔

● **سب سے زیادہ ایٹمی بجلی پیدا کرنے والا ملک:** امریکہ دنیا کا سب سے زیادہ ایٹمی بجلی پیدا کرنے والا ملک ہے۔ یہ 98,784 میگا واٹ بجلی پیدا کرتا ہے جو کہ دنیا میں ایٹمی بجلی کی کل پیداوار کا 30 فیصد ہے۔

● **بلند ترین عمارات:** دنیا کی بلند ترین عمارت برج الخلیفہ (دوبئی) ہے۔ 4 جنوری 2010ء کو اس کا افتتاح ہوا۔ اس کی بلندی 828 میٹر، 160 منزلیں اور 56 لفٹس ہیں۔ دنیا کی دوسری بلند ترین عمارت ''تائپی 101'' تائپے (تائیوان) ہے۔ 2004ء میں مکمل ہونے والی اس عمارت کی بلندی 508 میٹر (1,667 فٹ) اور 101 منزلیں ہیں۔ دنیا کی دیگر بلند ترین عمارات مندرجہ ذیل ہیں:

3- پیٹرو ناس ٹاور (کوالالمپور) 452 میٹر (1,483 فٹ) 4- سیئر زٹاور (شکاگو امریکہ) 442 میٹر (1,451 فٹ)

5- جن ماؤ بلڈنگ (شنگھائی، چین) 421 میٹر (1,381 فٹ)

● **گرم ترین مقام:** ایتھوپیا میں واقع مقام ڈیول ڈائنا کرۂ ارض پر گرم ترین مقام ہے۔ اس کا سالانہ اوسط درجہ حرارت 35 ڈگری سینٹی گ (95 ڈگری فارن ہیٹ) ہے۔

● **سرد ترین مقام:** انٹارکٹیکا میں واقع مقام پیلیو سٹیشن دنیا کا سرد ترین مقام ہے۔ اس کا اوسط درجہ حرارت منفی 56.7 ڈگری سینٹی گریڈ (منفی 71.7 ڈ فارن ہیٹ) ہے۔

● **سب سے زیادہ بارش والا مقام:** آسام (بھارت) میں واقع مقام میزورام دنیا کا سب سے زیادہ بارش والا مقام ہے۔ یہاں سالانہ او 11.873 میٹر (38.925 فٹ) بارش ہوتی ہے۔

● **سب سے خشک مقام:** چلی کا صحرائے اٹاکاما دنیا کا سب سے خشک مقام ہے۔ یہاں اتنی کم بارش ہوتی ہے کہ اس کی پیمائش کرنا ممکن نہیں ہے۔

● **طویل ترین ساحل سمندر والا ملک:** کینیڈا دنیا کا سب سے طویل ساحل رکھنے والا ملک ہے۔ اس کے ساحل کی لمبائی 151,489 (243,798 کلومیٹر) ہے۔

● **مختصر ترین ساحل سمندر والا ملک:** منا کو مختصر ترین ساحل سمندر رکھنے والا ملک ہے۔ اس کے ساحل سمندر کی لمبائی صرف 3.5 میل (5.61 کلومی ہے۔

● **سب سے بڑی تجارتی عمارت:** آلس میر (نیدرلینڈز) میں واقع کوا پر یٹوڈ بلیو بی اے کی پھولوں کی نیلامی والی عمارت دنیا کی سب سے بڑی تجا عمارت ہے۔ اس کے فرش کا رقبہ 191.5 ایکڑ (368,477 مربع میٹر) ہے۔

● **نمازوں کے اوقات بتانے والی مہنگی ترین گھڑی:** 16 مئی 2011ء کو برطانوی گھڑی ساز ادارے نے نمازوں کے اوقات بتانے والی دنیا کی مہ ترین گھڑی تیار کی۔ 32,529 ڈالر کی یہ گھڑی مختلف شہروں میں 5 وقت کی نماز کے اوقات بتا سکتی ہے۔

● **سب سے وسیع چھت والی تعمیر:** جدہ (سعودی عرب) میں شاہ عبدالعزیز ائرپورٹ کی حج ٹرمینل عمارت دنیا کی سب سے وسیع چھت والی تعمیر ہے اس کی چھت کا رقبہ 1370 ایکڑ ہے۔

● **سب سے بڑا محل:** برونائی کے صدر مقام بندر سری میں واقع برونائی کے سلطان کا شاہی محل دنیا کا سب سے بڑا (زیر استعمال) محل ہے۔ یہ عمار 1,788 کمروں پر مشتمل ہے۔

● **سب سے بڑا ہوٹل:** نیواڈا (امریکہ) میں واقع ایم جی ایم گرینڈ ہوٹل دنیا کا سب سے بڑا ہوٹل ہے جس کے 5005 کمرے ہیں اور 112 ایکڑ پھیلا ہوا ہے۔

● **بلند ترین عمارت والا ہوٹل:** ریفلز سٹی (سنگاپور) میں واقع ویسٹن سٹیم فورڈ ہوٹل کی عمارت دنیا میں بلند ترین ہے۔ یہ 73 منزلوں پر مشتمل ہے اور ا کی اونچائی 226 میٹر (451 فٹ) ہے۔

● **سب سے لمبی دیوار:** دیوار چین دنیا کی سب سے لمبی دیوار ہے۔ اس کی لمبائی 1,500 میل (2,400 کلومیٹر) ہے۔ یہ بیجنگ کے شمال میں زرد سمند سے لیکر اندرون چین تک پھیلی ہوئی ہے۔ یہ دیوار چین کے بادشاہوں نے بیرونی حملہ آوروں سے بچاؤ کیلئے 214 قبل مسیح میں تعمیر کی۔ دیوار چین میٹر (30 فٹ) اونچی اور 32 فٹ چوڑی ہے۔ یہ دیوار واحد انسانی تعمیر ہے جو کہ چاند کی سطح سے زمین کا مشاہدہ کرنے پر نظر آتی ہے۔

● **سب سے بڑا کنکریٹ ڈیم:** ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے دریائے کولمبیا پر تعمیر شدہ کولی ڈیم دنیا کا سب سے بڑا کنکریٹ ڈیم ہے۔

● **سب سے طویل پلیٹ فارم:** سویڈن میں واقع سٹوروک ریلوے سٹیشن کا پلیٹ فارم دنیا کا طویل ترین پلیٹ فارم ہے۔ اس کی لمبائی 2,470 ف (753 میٹر) ہے۔

● **سب سے بڑا ریلوے سٹیشن:** نیویارک (امریکہ) کا گرینڈ سنٹرل ٹرمینل دنیا کا سب سے بڑا ریلوے سٹیشن ہے۔ یہ 148 ایکڑ رقبہ پر محیط ہے۔

● **سب سے اونچا ریلوے سٹیشن:** کونڈور ریلوے سٹیشن (بولیویا) دنیا کا بلند ترین ریلوے سٹیشن ہے۔ یہ 4,786 میٹر (15,705 فٹ) کی بلندی پر واقع ہے۔

● **سب سے طویل ریلوے لائن:** ٹرانس سائبیرین لائن (روس) دنیا کی طویل ترین ریلوے لائن ہے۔ یہ ماسکو سے ناکوڈا تک پھیلی ہوئی ہے اور ا کی لمبائی 5,864 میل (9,438 کلومیٹر) ہے۔

● **بلند ترین ریلوے لائن:** پیرو سٹیٹ ریلویز کی ''مورو کوچا برانچ'' دنیا کی بلند ترین ریلوے لائن ہے۔ لاکیما کے مقام پر اس کی بلندی 4,818 (15,806 فٹ) ہے۔

● **سب سے پست مقام پر واقع ریلوے لائن:** جاپان میں واقع سرنگ سیکان میں سے گزرنے والی ریلوے لائن ہے۔ لاکیما کے مقام پر اس کی بلندی 4,818 (786 فٹ) نیچی ہے۔

● **طویل ترین سڑک:** پان امریکن ہائی وے دنیا کی طویل ترین سڑک ہے۔ اس کی لمبائی 15,000 میل (24,140 کلومیٹر) ہے۔
● **بلند ترین سڑک:** بھارت میں واقع درہ خاردنگلا میں سے گزرنے والی سڑک کی بلندی سطح سمندر سے 5,682 میٹر (18,640 فٹ) ہے۔
● **سب سے طویل ریلوے سرنگ:** جاپان میں واقع سیکان ریلوے سرنگ دنیا کی سب سے طویل ریلوے سرنگ ہے۔ اس کی لمبائی 33.50 میل (53.9 کلومیٹر) ہے۔
● **طویل ترین زیر زمین ریلوے سرنگ:** ماسکو میں واقع کالوز ہسکایا کی زیر زمین ریلوے سرنگ دنیا میں طویل ترین ہے۔ اس کی لمبائی میڈوز کو دو سے بیٹیوسکی تک 23.5 میل (37.9 کلومیٹر) ہے۔
● **پانی کی سطح سے بلند ترین پل:** ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی ریاست کلوریڈو کے دریائے آرکنساس کے رائل گارج پر تعمیر شدہ پل پانی کی سطح سے بلند ترین پل ہے۔ دریا کے پانی کی سطح سے اس کی بلندی 321 میٹر (1,053 فٹ) ہے۔
● **دنیا کا سب سے بڑا کیبل پل:** چین میں یکم جولائی 2008ء کو دھاتی تاروں سے بنائے گئے دنیا کے سب سے بڑے کیبل پل کا افتتاح کیا گیا۔ اس کی مجموعی لمبائی 1,088 میٹر ہے۔ پل کی تعمیر پر ایک ارب 15 کروڑ ڈالر لاگت آئی۔ یہ پل دریائے یانگزی پر تعمیر کیا گیا۔
● **سطح سمندر سے بلند ترین پل:** لداخ (بھارت) میں واقع بیلے پل سطح سمندر سے 5,602 میٹر (18,380 فٹ) بلند ہے۔
● **سب سے لمبا پل:** ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی ریاست لوزیانا میں واقع پل دنیا کا سب سے لمبا پل ہے۔ اس کی لمبائی 23.87 میل (38,422 میٹر) ہے۔ دنیا کے دوسرے طویل ترین پل کی لمبائی 23.83 میل (38,353 میٹر) ہے۔
● **سب سے چوڑی سڑک:** دنیا کی سب سے چوڑی سڑک برازیلیا (برازیل) میں واقع مانومینٹل ایکسز نامی سڑک ہے۔ یہ شاہراہ 250 میٹر (820 فٹ) چوڑی ہے۔
● **بلند ترین آتش فشاں پہاڑ:** دنیا کا بلند ترین آتش فشاں پہاڑ چلی اور ارجنٹائن کی سرحد پر واقع ہے۔ اس کی اونچائی 6,887 میل (22,595 فٹ) ہے۔
● **سب سے بڑا زندہ آتش فشاں پہاڑ:** ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی ریاست ہوائی میں واقع آتش فشاں پہاڑ مانالووا دنیا کا سب سے بڑا زندہ آتش فشاں پہاڑ ہے۔ اس کا گنبد 75 میل (120 کلومیٹر) لمبا اور 31 میل (50 کلومیٹر) چوڑا ہے۔
● **زیادہ آتش فشاں پہاڑوں والا ملک:** انڈونیشیا دنیا کا سب سے زیادہ آتش فشاں پہاڑوں والا ملک ہے۔ اس میں تقریباً 200 زندہ آتش فشاں پہاڑ ہیں جو کہ دنیا کے آتش فشاں پہاڑوں کی کل تعداد کا 20 فیصد ہیں۔ جاپان اور وسطی امریکہ میں بھی آتش فشاں پہاڑوں کے بڑے بڑے سلسلے ہیں۔
● **آگ کے حلقے میں شامل علاقے:** آگ کا حلقہ وہ علاقہ ہے جس میں دنیا کے زندہ آتش فشاں پہاڑوں کے 75 فیصد آتش فشاں پہاڑ واقع ہیں۔ یہ علاقہ امریکہ کے مغربی ساحل کے ساتھ چلی سے الاسکا تک ہے اور ایشیا کے مشرقی ساحل کے ساتھ سائبیریا سے نیوگنی تک پھیلتا ہوا نیوزی لینڈ تک چلا گیا ہے۔
● **سب سے بڑا دریائی طاس:** دریائے امیزون کے طاس کا رقبہ 2,702,800 مربع میل ہے۔ یہ دنیا کا سب سے بڑا دریائی طاس ہے۔
● **سب سے بڑا نیشنل پارک:** ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں واقع ییلو سٹون نیشنل پارک دنیا کا سب سے بڑا نیشنل پارک ہے۔ اس کا رقبہ 3,350 مربع میل ہے۔
● **شہاب ثاقب کا سب سے بڑا دہانہ:** دنیا کا سب سے بڑا شہاب ثاقب کا دہانہ نیو کیوبک (کینیڈا) میں واقع ہے۔ اس کی چوڑائی دو میل ہے۔
● **سب سے بڑا جیومیٹری سیٹ:** دنیا کے سب سے بڑے جیومیٹری سیٹ کا وزن 60 ٹن ہے۔ یہ جیومیٹری سیٹ سعودی عرب کے ساحلی شہر جدہ کے ایک چوراہے پر نصب ہے۔ کمپاس، سکیل اور سیٹ سکوائر وغیرہ پر مشتمل یہ یادگاری نشان سعودی عرب کی ترقی میں انجینئرنگ اور منصوبہ سازی کی اہمیت کا احساس دلاتا ہے۔ چوراہے پر نصب کمپاس زمین کی سطح سے 122 فٹ اور ڈھائی انچ بلند ہے۔
● **سب سے بڑی یونیورسٹی:** امریکہ میں واقع کیلی فورنیا یونیورسٹی دنیا کی سب سے بڑی یونیورسٹی ہے۔
● **سب سے اونچا مجسمہ:** نیویارک (امریکہ) میں واقع مجسمہ آزادی دنیا کا سب سے اونچا مجسمہ ہے۔ اس کی اونچائی 152 فٹ (46 میٹر) ہے۔ یہ ایک عورت کا مجسمہ ہے جس نے اپنے دائیں ہاتھ میں ایک مشعل پکڑی ہوئی ہے۔ یہ مجسمہ ایک فرانسیسی ماہر تعمیرات بارتھولڈی نے بنایا۔ فرانس کے عوام نے فرانس اور امریکہ کے انقلابات کی یاد میں 1884ء میں امریکی عوام کو پیش کیا۔ 1924ء سے اس مجسمہ کو امریکہ کی قومی یادگار کا درجہ دیدیا گیا۔
● **سب سے بڑا بحری جنگی جہاز:** ''یو ایس ایس میسوری'' دنیا کا سب سے بڑا بحری جنگی جہاز ہے۔ اس کا وزن 58,000 ٹن ہے۔ اس میں 16 انچ دہانے کی 9 توپیں نصب ہیں۔
● **سب سے بڑا ہوائی اڈہ:** شاہ فیصل ائرپورٹ ریاض (سعودی عرب) دنیا کا سب سے بڑا ہوائی اڈہ ہے۔ یہ 86 مربع میل (225 مربع کلومیٹر) کے علاقے پر پھیلا ہوا ہے۔ اس ہوائی اڈے کا کنٹرول ٹاور دنیا میں بلند ترین ٹاور ہے۔ اس کی بلندی 81 میٹر (265 فٹ) ہے۔ ہوائی اڈے کا افتتاح 1983ء میں کیا گیا۔
● **سب سے بڑی بندرگاہ:** نیویارک اور نیوجرسی (امریکہ) کی بندرگاہیں دنیا کی سب سے بڑی بندرگاہیں ہیں۔ یہ 92 مربع میل (238 مربع کلومیٹر) علاقے پر محیط ہے۔ اس بندرگاہ میں 291 بحری [illegible] 142,000 ٹن اور 3114 مسافر

سفر کر سکتے ہیں۔ اس سے پہلے رائل میجسٹی شپ کوئین الزبتھ (یو۔کے) دنیا کا سب سے بڑا مسافر بردار بحری جہاز تھا۔ اس کی لمبائی 2314 (1,031 فٹ) اور چوڑائی 36 میٹر (118 فٹ) تھی۔ یہ جہاز 1940ء میں سمندر میں اتارا گیا تھا۔

● **دنیا کا سب سے مہنگا ہیرا:** جنیوا میں 46 ملین ڈالر سے زائد رقم میں نیلامی کے بعد گلابی ہیرا دنیا میں نیلام کیا جانے والا سب سے مہنگا ہیرا بن 19 نومبر 2010ء کو ہونے والی نیلامی میں اس ہیرے کو لندن کے مشہور جوہری لارنس گراف نے خریدا جس کا وزن 24.78 قیراط ہے۔

● **سب سے پہلا کار بم دھماکہ:** یکم ستمبر 1920ء کو نیویارک میں وال سٹریٹ کی جے پی مارگن بلڈنگ کے سامنے دنیا کا سب سے پہلا کار بم دھماکہ ہوا جس میں 39 افراد ہلاک اور سینکڑوں زخمی ہوئے۔

● **سب سے وزنی کیک:** میکسیکو سٹی میں 27 جنوری 2009ء کو 55 باورچیوں نے مسلسل 60 گھنٹے کام کر کے پنیر کا 2 ٹن وزنی کیک بنانے کا عالمی ریکارڈ قائم کیا۔

● **کھجوروں کی سب سے بڑی پلیٹ:** ابوظہبی میں اگست 2008ء میں ایک شہری مکتوم القبیسی نے سٹیل کی 10.06 میٹر لمبی اور 2.03 چوڑی کھجوروں کی پلیٹ تیار کی جس میں انواع واقسام کی تقریباً 10 لاکھ کھجوریں تھیں۔ 200 مزدوروں نے اسے اٹھا کر میلے میں نمائش کے لیے رکھا۔

● **سب سے زیادہ بولی جانے والی زبان:** مینڈارین (چینی) زبان دنیا میں سب سے زیادہ بولی جانے والی زبان ہے۔ ایک اندازے کے مطابق دنیا کے ایک ارب 8 کروڑ افراد اس زبان کو بولتے ہیں۔ دنیا میں دیگر زیادہ بولی جانے والی زبانیں مندرجہ ذیل ہیں:

ہندی (50 کروڑ)' ہسپانوی (43 کروڑ)' انگلش (51 کروڑ)' بنگالی (22 کروڑ)' عربی (26 کروڑ)' پرتگیزی (20 کروڑ) روسی (28 کروڑ)' جاپانی (126 ملین)' جرمن (124 ملین) اور فرانسیسی (13 کروڑ)۔ اُردو زبان کو دنیا کے 104 ملین لوگ بولتے ہیں۔

● **سب سے زیادہ پیروکار رکھنے والا مذہب:** پیروکاروں کی تعداد کے لحاظ سے عیسائیت دنیا کے مذاہب میں سرفہرست ہے۔ 2006ء کے ایک سروے کے مطابق دنیا میں اس کے 2.1 ملین پیروکار ہیں۔ اسلام 1.3 بلین پیروکاروں کے ساتھ دنیا میں دوسرے نمبر پر ہے۔

● **سب سے بڑی مسجد:** اسلام آباد (پاکستان) میں واقع فیصل مسجد دنیا کی سب سے بڑی مسجد ہے۔ اس کا رقبہ 146.87 ایکڑ ہے۔ اس کا بڑا ہال کمرہ 11.19 ایکڑ پر محیط ہے اور اس میں ایک لاکھ افراد کے بیٹھنے کی گنجائش موجود ہے۔ اس مسجد کا ڈیزائن ترکی کے ایک ماہر تعمیرات دیدات دیلونے تیار کیا۔ یہ مسجد 24 جون 1988ء کو نمازیوں کے لئے کھول دی گئی۔ فیصل مسجد دنیا میں فن تعمیر کے خوبصورت ترین نمونوں میں سے ایک ہے۔

● **سب سے بڑا چرچ:** اٹلی کے شہر ویٹیکن سٹی میں واقع کیتھولک بیسیلیکا کی عمارت دنیا کے تمام گرجا گھروں سے بڑی ہے۔ موجودہ عمارت سترھویں صدی عیسوی میں تعمیر کی گئی۔ یہ عمارت اصل گاتھ عمارت کی جگہ تعمیر کی گئی۔

● **سب سے بڑا کتب خانہ:** امریکہ کی کانگریس لائبریری دنیا کی سب سے بڑی لائبریری ہے۔ 1800ء میں پہلے یہ کانگریس کے لئے تعمیر کی گئی تھی مگر بعدازاں اس کی خدمات دوسری ایجنسیوں اور افراد کو بھی فراہم کر دی گئیں۔ اس کتب خانے میں دنیا کی 470 زبانوں میں 80 ملین نمونے ہیں جن میں 16,764,805 کتابیں' 23,934,708 مطبوعہ مواد اور 82,498,662 بصری مواد شامل ہے۔

● **سب سے بڑا انعام:** نوبل پرائز دنیا کا سب سے بڑا انعام ہے۔ ہر انعام کے ساتھ ایک لاکھ ڈالر کی رقم ادا کی جاتی ہے۔ نوبل پرائز ڈائنامائٹ کے موجد الفریڈ نوبل (1833ء تا 1896ء) نے قائم کیا تھا۔ اس نے 90 لاکھ ڈالر کی رقم ترکے میں چھوڑی اور وصیت کی کہ اس کے سود کو ہر سال ان افراد میں تقسیم کر دیا جائے جنہوں نے طبیعیات' کیمیا' میڈیسن' ادب اور امن کے میدانوں میں بنی نوع انسان کو فائدہ پہنچایا ہو۔ یہ انعامات سب سے پہلے 1901ء میں تقسیم کئے گئے۔

● **قدیم دنیا کے سات عجائبات:** فن تعمیر کے مندرجہ ذیل شاہکاروں کو قدیم دنیا کے سات عجائبات سمجھا جاتا ہے:

(i) اہرام مصر (ii) بابل کے معلق باغات (iii) زیوس کا مجسمہ
(iv) رہوڈز کا مجسمہ (v) ڈیانا کا مندر (vi) ہیلی کارنیسس کا مقبرہ
(vii) سکندریہ کا روشنی کا مینار

● **جدید دنیا کے سات عجائبات:** جدید دنیا کے سات عجائبات مندرجہ ذیل ہیں:

(i) چیچن اتزا (میکسیکو کے قدیم آثار) (ii) عظیم دیوار چین (iii) ماچو پیچو (پیرو کی قدیم پہاڑی)
(iv) روم کا کلوزیم (اٹلی کا قدیم تفریحی مرکز) (v) تاج محل آگرہ (vi) پیٹرا (اردن کے قدیم آثار)
(vii) مسیح کا مجسمہ (برازیل) (viii) اہرام مصر (اعزازی حیثیت)

● **سب سے بڑا موبائل فون:** امریکی ریاست شکاگو میں دنیا کا سب سے بڑا موبائل فون 17 جنوری 2010ء کو دھات' لکڑی اور لائٹس کی مدد سے تیار کیا گیا جو 15 فٹ چوڑا اور 13 فٹ لمبا تھا۔

● **سب سے بڑا برفانی تودہ:** لیمبرٹ گلیشیر دنیا کا سب سے بڑا برفانی تودہ ہے۔ یہ قطب جنوبی آسٹریلوی علاقہ میں واقع ہے۔ اس کی لمبائی 440 میل (700 کلومیٹر) ہے۔

● **سب سے بڑی یونیورسٹی:** معلمین کی تعداد کے لحاظ سے نیویارک یونیورسٹی (امریکہ) دنیا کی سب سے بڑی یونیورسٹی ہے۔ یہ 64 جامعات پر مشتمل ہے۔ اس میں 381,568 طلباء وطالبات زیر تعلیم ہیں۔ تاہم 1995ء میں نیویارک یونیورسٹی کی 21 جامعات میں 206,500 طلباء وطالبات

زیر تعلیم تھے۔

● **سب سے زیادہ حروف تہجی والی زبان:** کمبوڈیا کی زبان 74 حروف پر مشتمل ہے۔

● **سب سے بڑا انگریزی زبان کا انسائیکلو پیڈیا:** انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا انگریزی زبان کا سب سے بڑا انسائیکلو پیڈیا ہے۔ یہ سب سے پہلے 1768ء سے 1771ء تک ایڈن برگ (سکاٹ لینڈ) سے شائع کیا گیا۔ آج کل اس کی ادارت شکاگو (امریکہ) میں کی جاتی ہے۔ انسائیکلو پیڈیا کا تازہ ترین ایڈیشن 32 جلدوں پر مشتمل ہے جن میں صفحات کی کل تعداد 32,330 ہے۔

● **سب سے پہلا انسائیکلو پیڈیا:** روم کے پلینی دی الیڈر نے 77 عیسوی میں ''ہسٹوریا نیچریلس'' (نیچرل ہسٹری) نامی دنیا کا پہلا قابل ذکر بین الاقوامی انسائیکلو پیڈیا مرتب کیا۔ اس میں میڈیسن، جغرافیہ، فلکیات، حیاتیات، نباتیات اور قیمتی پتھروں کے بارے میں معلومات تھیں۔ یہ انسائیکلو پیڈیا 37 جلدوں پر مشتمل تھا اور سترھویں صدی تک سائنسی معلومات کا بڑا ذریعہ رہا۔

● **سب سے پہلی انگریزی زبان کی لغت:** ''اے ٹیبل الفابیٹیکل آف ہارڈ ورڈز'' دنیا کی سب سے پہلی انگریزی زبان کی لغت تھی۔ یہ لغت 1604ء میں رابرٹ کاؤڈرے نے مرتب کی۔ اس کے بعد کئی دیگر لغات مرتب کی گئیں جن میں سے مندرجہ ذیل اہم ہیں:

(i) جانسن ڈکشنری (1755ء) (ii) آکسفورڈ انگلش ڈکشنری آن ہسٹاریکل پرنسپلز (1884ء تا 1928ء)
(iii) امریکن ڈکشنری آف انگلش لینگویج (1928ء) (iv) کالنز انگلش ڈکشنری (1979ء)

● **قدیم ترین تہذیب:** سمیری تہذیب کو دنیا کی سب سے قدیم تہذیب سمجھا جاتا ہے۔ یہ تہذیب 5000 سال قبل مسیح میں میسوپوٹیمیا (دریائے دجلہ اور دریائے فرات کی وادی) میں پروان چڑھی۔ سمیری تہذیب کے لوگ اریڈو، اُر، یورک، نپر، کش اور لاگاش جیسے منظم شہروں میں رہتے تھے۔ وہ بادبانی کشتیاں، پہیہ گاڑیاں، برتن بنانے والے پہیے اور بھٹیاں استعمال کرتے تھے۔ وہ اپنا ریکارڈ رکھنے کے لئے تصویری علامات والی مٹی کی ٹکیاں استعمال کرتے تھے۔

● **قدیم ترین عمارات جو اب تک موجود ہیں:** اہرام مصر قدیم ترین عمارات ہیں، جو اب تک محفوظ ہیں۔ عظیم ترین اہرام خوفو، خافرے اور منکورہ کے ہیں۔ یہ اہرام غزہ میں واقع ہیں۔ یہ 2700 سے 2500 قبل مسیح کے دور میں تعمیر کئے گئے۔ اہرام شاہی مقبرے تھے۔ خوفو کا سب سے بڑا اہرام چونے کے پتھر کے بڑے بلاکوں کی ایک ٹھوس عمارت ہے۔ یہ 453 فٹ بلند اور 13 ایکڑ رقبہ پر محیط ہے۔

● **قدیم ترین مذہبی کتاب:** ہندوؤں کی مذہبی کتاب ارگ وید دنیا کی قدیم ترین کتاب ہے۔ یہ 1500 قبل مسیح کے لگ بھگ مرتب کی گئی۔ یہ دس منڈلوں (ابواب) اور 1028 بھجنوں پر مشتمل ہے۔ دیگر تین ویدوں کا نام سام وید، یجر وید، اتھر وید ہیں۔ ہندو ان ویدوں کو الہامی کتب خیال کرتے ہیں۔ ان کا عقیدہ ہے کہ رشیوں (پیغمبروں) نے خدائی فیض کے تحت یہ کتب تحریر کیں۔

● **دنیا کا قدیم ترین قصبہ:** وادی اردن میں واقع جریکو کا قصبہ دنیا کا قدیم ترین قصبہ ہے۔ کیتھلین کینین نے اس قصبہ کے قریبی مقام کی کھدائی کی، جس سے 8000 سال قبل مسیح کی قدیم آبادی کا سراغ ملا جو کہ بڑے پتھروں سے بنی تھی اور دائرے میں بنے ہوئے اینٹوں کے مکانات سے گھری ہوئی تھی۔

● **ریکارڈ شدہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت:** اب تک کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت (136.4 ڈگری فارن ہیٹ) 13 ستمبر 1922ء کو لیبیا کے شہر عزیزیہ میں ریکارڈ کیا گیا۔

● **ریکارڈ شدہ کم سے کم درجہ حرارت:** کم سے کم درجہ حرارت (منفی 129.6 ڈگری فارن ہیٹ) 24 اگست 1960ء کو انٹارکٹیکا میں ریکارڈ کیا گیا۔

● **ایک ماہ میں زیادہ سے زیادہ بارش:** ایک ماہ کے دوران زیادہ سے زیادہ بارش جولائی 1861ء میں بھارت کے شہر چراپونجی میں ریکارڈ کی گئی۔ اس کی مقدار 366.14 انچ تھی۔

● **خشکی کا سب سے بڑا ممالیہ جانور:** افریقی ہاتھی خشکی کا سب سے بڑا ممالیہ جانور ہے۔ کھڑی حالت میں اس کی اونچائی 14 فٹ ہوتی ہے۔ اس کا وزن 5 سے 7.5 ٹن تک ہوتا ہے۔ اس کے مقابلہ میں بھارت، برما، تھائی لینڈ اور ملائشیا کے ہاتھی حجم میں چھوٹے ہوتے ہیں۔

● **سب سے بڑا سمندری ممالیہ جانور:** وہیل سب سے بڑا سمندری ممالیہ ہے۔ کچھ وہیل 60 فٹ سے زیادہ لمبی ہوتی ہیں اور ان کا وزن 20 ٹن سے زیادہ ہوتا ہے۔

● **جہاز رانی کیلئے موزوں طویل ترین نہر:** بالٹی مور (امریکہ) میں واقع وائٹ سی بالٹک کینال جہاز رانی کے لئے موزوں دنیا کی طویل ترین نہر ہے۔ اس کی لمبائی 152 میل (258 کلومیٹر) ہے۔

● **جہاز رانی کیلئے غیر موزوں طویل ترین نہر:** چین کی گرینڈ کینال (عظیم نہر) 1,085 میل لمبائی کے ساتھ جہاز رانی کیلئے غیر موزوں طویل ترین نہر ہے۔

● **سب سے طویل آبنائے:** آبنائے ملاکا دنیا کا طویل ترین آبنائے ہے۔ اس کی لمبائی 500 میل (800 کلومیٹر) ہے۔ یہ سماٹرا اور جزیرہ نما ملائشیا کے درمیان واقع ہے اور بحر ہند کو بحرالکاہل سے ملاتا ہے۔

● **سب سے بڑی دفتری عمارت:** یو۔ایس ڈیفنس ڈیپارٹمنٹ کے ہیڈ کوارٹر کی عمارت جو کہ پینٹاگان کہلاتی ہے، دنیا کی سب سے بڑی دفتری عمارت ہے۔ یہ 15 جنوری 1943ء کو تعمیر کی گئی۔ یہ ایک عظیم الحجم عمارت پر مشتمل ہے، جس کا رقبہ 149.2 ایکڑ ہے۔

● سب سے بڑی جینز کی پینٹ: لیما (پیرو) میں ایک ٹیکسٹائل ادارے نے 2 نومبر 2008ء کو دنیا کی سب سے بڑی جینز کی پینٹ تیار کی جس کی لمبائی 43.13 میٹر اور چوڑائی 30 فٹ تھی۔

● سب سے لمبا جانور: زرافہ دنیا کا سب سے لمبا جانور ہے۔ اس کا اوسط قد 4 سے 5 میٹر تک ہوتا ہے۔

● سب سے بڑا پرندہ: افریقہ میں پایا جانے والا شتر مرغ دنیا کا سب سے بڑا پرندہ ہے۔ اس کا قد 2.7 میٹر (9 فٹ) تک اور اس کا وزن 160 کلوگرام تک ہوتا ہے۔ شتر مرغ پرواز نہیں کر سکتا۔ تاہم یہ 40 میل (65 کلومیٹر) فی گھنٹہ کی رفتار کے ساتھ دوڑ سکتا ہے۔

● سب سے چھوٹا پرندہ: ہمنگ برڈ دنیا کا سب سے چھوٹا پرندہ ہے۔ اس کی لمبائی 5.5 سے 20 سینٹی میٹر تک ہوتی ہے۔ اس کا وزن 16 گرام ہوتا ہے۔ یہ پرندہ ایک جگہ رک کر پرواز کر سکتا ہے۔ پیچھے کی جانب اڑ سکتا ہے اور پرواز کے دوران اپنے پروں کی پھڑ پھڑاہٹ سے گنگنانے کی آواز پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

● سب سے تیز رفتار جانور: چیتا دنیا کا سب سے تیز رفتار جانور ہے۔ یہ 60 سے 90 میل فی گھنٹہ کی رفتار کے ساتھ دوڑ سکتا ہے۔

● سب سے بڑا کلاک: فرانس کے شہر بوویس میں واقع سینٹ پیری کے گرجا گھر کا کلاک دنیا کا سب سے بڑا کلاک ہے۔ اس کی پیمائش 40x20x9 فٹ ہے۔

● سب سے لمبا درخت: ریڈ وڈ (جائنٹ سیکوا) دنیا کا سب سے قد آور درخت ہے۔ اس کی بلندی 111 میٹر (366 فٹ) تک ہوتی ہے۔ یہ درخت ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں کیلی فورنیا اور اوریگان کے درمیانی علاقہ میں پائے جاتے ہیں۔ یہ درخت 2000 سال پرانے ہیں۔

● قطب شمالی پر پہنچنے والا پہلا شخص: ایک امریکن مہم جو رابرٹ ای پیئر لے (1856ء تا 1920ء) انسانی تاریخ میں پہلی مرتبہ 6 اپریل 1909ء کو قطب شمالی پر پہنچا۔

● قطب جنوبی پر پہنچنے والا پہلا شخص: ناروے کا باشندہ رونالڈ ایمنڈسن 14 دسمبر 1911ء کو قطب جنوبی پر پہنچنے والا پہلا شخص تھا۔ اس کے بعد 1928ء میں سر جارج ہیوبرٹ دلکنز (آسٹریلیا) نے ایک طیارہ میں قطب جنوبی کے اوپر پرواز کی۔

● چاند پر چہل قدمی کرنے والا پہلا شخص: ایک امریکی خلاباز نیل ایلڈرن آرمسٹرانگ نے 21 جولائی 1969ء میں چاند کی سطح پر چہل قدمی کر کے تاریخی کارنامہ سرانجام دیا۔ چاند کی سطح پر قدم رکھتے ہوئے اس نے کہا "انسان کیلئے یہ ایک چھوٹا قدم ہے مگر بنی نوع انسان کیلئے ایک بہت بڑی چھلانگ ہے"۔

● خلا میں جانے والا پہلا سیٹلائٹ: روسیوں نے خلائی دوڑ میں مغرب پر اس وقت بالادستی حاصل کر لی جب انہوں نے یکم اکتوبر 1957ء کو پہلا سپوتنک اول خلا میں بھیجا۔

● انسان کی پہلی خلائی پرواز: روسی خلاباز یوری گاگرین 12 اپریل 1961ء کو زمین کے گرد چکر لگانے والا پہلا انسان تھا۔

● پہلی خلاباز خاتون: روسی خاتون خلاباز ویلنٹینا ولادی میرونا خلا میں داخل ہونے والی پہلی خاتون تھی۔ وہ 16 سے 19 جون 1963ء تک خلا میں رہی۔

● خلائی شٹل کی پہلی پرواز: جان ینگ اور رابرٹ کرپن (امریکہ) نے پہلی بار 4 دسمبر 1981ء کو خلائی شٹل پر پرواز کی۔

● جدید اولمپکس کا پہلا سال: جدید اولمپک کھیلیں پہلی بار 1896ء میں ایتھنز (یونان) میں منعقد کی گئیں۔ ایک فرانسیسی ماہر تعلیم بیرن پیری ڈی کوبرٹن نے کھیلوں کے احیاء میں کلیدی کردار ادا کیا۔

● سب سے زیادہ جزائر والا ملک: انڈونیشیا 17,000 جزائر پر مشتمل ہے جو کہ بحرالکاہل اور بحر ہند میں دو ہزار میل تک پھیلے ہوئے ہیں۔ فلپائن (اپنے 7,100 جزائر کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔

● دنیا کا سب سے بڑا بینک: 31 دسمبر 2000ء کے اعداد و شمار کے مطابق جرمنی کا ڈوچے بینک دنیا کا سب سے بڑا بینک تھا۔ اس کے اثاثوں کی مالیت 843,379.6 ملین ڈالر تھی۔ امریکہ کا سٹی گروپ 716,937.0 ملین ڈالر کے اثاثوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر تھا۔

● سب سے زیادہ مہاجرین رکھنے والا ملک: مہاجرین کی سب سے زیادہ تعداد ایران میں ہے۔ اس میں افغانستان اور عراق کے مہاجرین کی تعداد 2,075,500 ہے۔ زائر دوسرے نمبر پر ہے جہاں انگولا اور صومالیہ کے مہاجرین کی تعداد 1,332,000 ہے۔ اسی طرح اردن 294,800 مہاجرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ ان کا تعلق فلسطین اور عراق سے ہے۔

● سب سے بڑی بین الاقوامی تنظیم: اقوام متحدہ سب سے بڑی بین الاقوامی تنظیم ہے۔ 2014ء تک 193 ممالک اس کے رکن تھے۔ اقوام متحدہ ابتدا دوسری عالم گیر جنگ کے دوران ہوئی۔ اس کا منشور 25 سے 26 جون 1945ء تک سان فرانسسکو میں تیار کیا گیا، جس پر 51 ممالک نے دستخط کئے۔ یہ منشور 24 اکتوبر 1945ء سے نافذ العمل ہوا۔ اس وقت سے لیکر اب تک اقوام متحدہ کے اراکین کی تعداد میں برابر اضافہ ہوتا رہا ہے۔ اقوام متحدہ بین الاقوامی امن اور سلامتی کے قیام کے لئے کام کرتی ہے اور رکن ممالک کے درمیان معاشی، سماجی، ثقافتی اور سیاسی تعاون کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔

● تاریخ عالم کا قدیم ترین دور: پری کیمبرین دور دنیا کا قدیم ترین دور ہے، جو کہ 4500 سے 590 ملین سال قبل مسیح تک جاری رہا۔ اس کے ذوائنگ، میزوذوائنگ اور سینوذوائنگ ادوار آئے۔ موجودہ سینوذوائنگ دور کا آغاز 65 ملین سال پہلے ہوا۔ تمام ممالیہ جانور، پرندے اور پھولدار پودے اسی دور میں نمودار ہوئے۔

● سب سے قدیم اسلامی سلطنت: سلطنت بنو امیہ (611ء سے 750ء) دنیا کی سب سے پہلی اسلامی سلطنت تھی۔ یہ 661ء میں خلفائے راشدین

کے زمانہ کے بعد قائم کی گئی۔ معاویہ اول امیہ سلطنت کا بانی تھا۔

● **بھارت میں اولین مسلم سلطنت:** بھارت میں اولین باقاعدہ سلطنت ہونے کا اعزاز سلطنت خاندان غلاماں (1206ء تا 1290ء) کو حاصل ہے۔

● **بھارت میں قائم کی جانے والی اہم سلطنتیں مندرجہ ذیل تھیں:**

ہندوستان میں قائم سلطنت خاندان غلاماں : (1206ء تا 1290ء)

1- خلجی سلطنت : (1290ء تا 1320ء)
2- تغلق سلطنت : (1320ء تا 1414ء)
3- سید سلطنت : (1414ء تا 1451ء)
4- لودھی سلطنت : (1451ء تا 1526ء)
5- مغل سلطنت : (1526ء تا 1857ء)
6-

نوٹ: اسی دوران 1540ء سے 1555ء تک خاندان سوری نے تخت دہلی پر حکومت کی۔

● **سب سے بڑی جنگ:** دوسری جنگ عظیم (1939ء تا 1945ء) تاریخ عالم میں لڑی جانے والی جنگوں میں سب سے بڑی جنگ ہے۔ یہ جنگ محوری طاقتوں (جرمنی، اٹلی، جاپان) اور اتحادی طاقتوں (امریکہ، برطانیہ، فرانس، روس وغیرہ) کے درمیان لڑی گئی۔ 1945ء میں اتحادی طاقتیں اس جنگ میں فتح یاب ہوئیں۔

● **مشرق کا عظیم ترین شاعر:** علامہ ڈاکٹر محمد اقبال کو مشرق کا عظیم ترین فلسفی شاعر سمجھا جاتا ہے۔ وہ نہ صرف ایک ممتاز شاعر تھے بلکہ ایک بہت بڑے فلسفی بھی تھے۔ آپ کی شاعری نے دنیا بھر کے مسلمانوں کو ان کا شاندار عہد رفتہ یاد دلایا اور ان میں آزادی کی ایک تڑپ پیدا کر دی۔ وہ آزادی کے علمبردار تھے۔ علامہ اقبال کی اہم تصانیف مندرجہ ذیل ہیں:

(i) بانگ درا (ii) بال جبریل (iii) ضرب کلیم (iv) زبور عجم (v) اسرار خودی (vi) ارمغان حجاز

● **مغرب کا عظیم ترین شاعر:** شیکسپیئر کو مغرب کا عظیم ترین ڈرامہ نگار شاعر تسلیم کیا جاتا ہے۔ اس نے ہیملٹ، میکبتھ، کنگ لیئر، جولیئس سیزر، ٹو ویلفتھ نائٹ اور مرچنٹ آف وینس جیسے کئی شاہکار ڈرامے تخلیق کئے۔

● **کائنات میں تیز ترین شے:** روشنی کائنات کی تیز ترین شے ہے۔ یہ ایک لاکھ ستاسی ہزار میل کی حیران کن رفتار کے ساتھ سفر کرتی ہے۔ اس رفتار کے ساتھ روشنی ایک سیکنڈ میں دنیا کے گرد چھ بار چکر لگا سکتی ہے۔

● **سب سے زیادہ گندم پیدا کرنے والا ملک:** چین دنیا میں سب سے زیادہ گندم پیدا کرنے والا ملک ہے۔ یہ سالانہ 102,207,000 میٹرک ٹن گندم پیدا کرتا ہے۔ بھارت 63,007,000 میٹرک ٹن کے ساتھ دوسرے اور امریکہ 59,494,000 میٹرک ٹن کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ پاکستان کی سالانہ پیداوار 17,002,000 میٹرک ٹن ہے۔

● **سب سے زیادہ چاول پیدا کرنے والا ملک:** چین دنیا کا سب سے زیادہ چاول پیدا کرنے والا ملک ہے۔ اس کی سالانہ پیداوار 185,226,000 میٹرک ٹن ہے۔ بھارت 122,372,000 میٹرک ٹن کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔ پاکستان 5,714,000 ٹن چاول پیدا کرتا ہے۔

● **سب سے زیادہ سونا پیدا کرنے والا ملک:** جنوبی افریقہ دنیا میں سب سے زیادہ سونا پیدا کرنے والا ملک ہے۔ اس نے 1995ء میں 16,800,000 ٹرائے اونس سونا پیدا کیا۔ امریکہ 10,300,000 ٹرائے اونس اور آسٹریلیا 8,150,000 ٹرائے اونس کے ساتھ دوسرے اور تیسرے نمبر پر تھے۔

● **سب سے زیادہ گندم برآمد کرنے والا ملک:** 1994ء میں امریکہ 30,571,000 میٹرک ٹن گندم برآمد کر کے دنیا میں سرفہرست تھا۔ دوسرے نمبر پر کینیڈا تھا جس نے 21,378,000 ٹن گندم برآمد کی۔

● **سب سے زیادہ شرح پیدائش والا ملک:** شرح پیدائش کے لحاظ سے ملاوی (افریقہ) 5.4 فیصد شرح پیدائش کے ساتھ دنیا میں سرفہرست ہے۔ افغانستان 5.3 فیصد اور روانڈا 5.21 فیصد شرح پیدائش کے ساتھ دوسرے اور تیسرے نمبر پر تھے۔

● **سب سے کم شرح پیدائش والا ملک:** پیرو 0.8 فیصد شرح پیدائش کے ساتھ دنیا کا سب سے کم شرح پیدائش والا ملک ہے۔ یونان اور اٹلی ایک فیصد شرح پیدائش کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہیں۔

● **سب سے زیادہ شرح اموات والا ملک:** پیرو (جنوبی امریکہ) میں شرح اموات 65 فی ہزار ہے جب کہ افغانستان اور سرالیون دونوں 22 فی ہزار شرح اموات کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہیں۔

● **سب سے کم شرح اموات والا ملک:** 1990ء سے 1995ء میں کویت میں سب سے کم شرح اموات 2 فی ہزار ریکارڈ کی گئی۔ اس کے بعد متحدہ عرب امارات 4 فی ہزار کی شرح کے ساتھ دوسرے نمبر پر تھا۔

● **آبادی میں کمی کی زیادہ شرح:** یورپ کی آبادی میں کمی کا رجحان پایا جاتا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق 2050ء تک یورپ کی آبادی 498 ملین سے کم ہو کر 486 ملین رہ جائے گی۔ یورپین ممالک مثلاً رشین فیڈریشن، جرمنی، اٹلی، یوکرائن، سپین وغیرہ میں آبادی میں کمی کے رجحان میں اضافہ ہو رہا ہے۔

● **عالمی آبادی میں اضافے کی شرح:** سن 1ء میں دنیا کی آبادی صرف 200 ملین تھی۔ یکساں رفتار سے بڑھتے ہوئے 1650ء تک یہ 500 ملین تک جا

پہنچی۔ بعدازاں اگلے دوسو سال (1850ء) میں دنیا کی آبادی 1,000 ملین ہوگئی۔ تاہم 1850ء کے بعد اس میں بے پناہ اضافہ ہوا اور صرف 80
میں (1930ء) تک یہ دوگنی ہوکر 2,000 ملین تک جا پہنچی۔ 1930ء کے بعد آبادی میں اضافہ کی رفتار میں مزید اضافہ ہوگیا اور اگلے 45 برسوں میں
2,000 ملین (2 بلین) سے چھلانگ لگا کر 4,000 ملین (4 بلین) ہوگئی۔ پس 1975ء میں دنیا کی آبادی 4 بلین تھی۔ وسط 1996ء تک یہ بڑھ
5772 ملین (5.772 بلین) ہوگئی تھی۔ 31 اکتوبر 2011ء کو دنیا کی آبادی 7 ارب ہوگئی تھی۔ آبادی میں اضافے کی سنگین صورت حال کا اندازہ
حقیقت سے لگایا جاسکتا ہے کہ ہر سیکنڈ کے بعد دنیا کی آبادی میں تین افراد کا اضافہ ہوجاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر ایک منٹ کے بعد 180
کا اضافہ ہوجاتا ہے۔ ہر ایک گھنٹے میں 10,800 افراد کا، ہر روز 259,200 افراد کا، ہر ماہ 7,776,000 افراد کا اور ہر سال 93,312,000
اضافہ ہوجاتا ہے۔ یعنی گزرنے والے ہر سال میں تقریباً 94 ملین افراد دنیا کی آبادی میں شامل ہوجاتے ہیں۔ 94 ملین کی تعداد اس وقت بہت
نظر آتی ہے، جب ہم یہ خیال کرتے ہیں کہ آسٹریلیا کی آبادی صرف 18 ملین ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر سال دنیا کی آبادی میں پانچ آسٹر
شامل کئے جارہے ہیں۔

◉ **سب سے زیادہ کروڑ پتیوں والا ملک:** دنیا میں سب سے زیادہ کروڑ پتی افراد بھارت میں اور پھر چین میں ہیں۔
◉ **سب سے زیادہ ارب پتیوں والا شہر:** امریکی جریدے کی رپورٹ کے مطابق ارب پتی شہریوں کے لحاظ سے ماسکو پہلے، نیویارک دوسرے، لند
تیسرے، استنبول چوتھے، ہانگ کانگ پانچویں، لاس اینجلس چھٹے، ممبئی ساتویں نمبر پر ہے۔
◉ **دنیا کا امیر ترین آدمی:** دنیا کا امیر ترین شخص کارلوس سلیم ہیلو (امریکہ) ہے۔
◉ **دنیا کی امیر ترین عورت:** برطانیہ کی ملکہ الزبتھ ثانی دنیا کی امیر ترین خاتون ہے۔ وہ 450 ملین سٹرلنگ پونڈ اثاثوں کی مالکن ہے۔
◉ **سب سے زیادہ جانی نقصان والا زلزلہ:** 24 جنوری 1556ء کو چین کے صوبوں شانزی اور ہونان میں آنے والے زلزلوں سے آٹھ لاکھ تین ہزا
افراد ہلاک ہوئے۔ چین ہی میں 28 جولائی 1776ء کو آنے والے زلزلے نے صوبہ تانگ شی میں سات لاکھ پچاس ہزار افراد کو موت کی نیند سلا دیا۔
1111 اکتوبر 1737ء کو کلکتہ میں ایک شدید زلزلہ آیا، جس سے تین لاکھ افراد ہلاک ہوگئے۔
نوٹ: 18 اکتوبر 2005ء کو پاکستان کے صوبہ سرحد اور آزاد کشمیر میں ملکی تاریخ کا سب سے شدید زلزلہ آیا جس سے لاکھوں افراد ہلاک وزخمی اور 57 لا
متاثر ہوئے۔
◉ **بدترین قحط:** چین 1954ء سے 1961ء تک دنیا کے بدترین قحط کا شکار ہوا۔ ایک تخمینے کے مطابق اس قحط میں 7 کروڑ پچاس لاکھ افراد ہلاک ہوئے۔
◉ **سب سے بڑا فضائی حادثہ:** دنیا کا سب سے بڑا فضائی حادثہ اس وقت پیش آیا جب 27 مارچ 1977ء کو پان امریکن ائر لائنز کا ایک طیارہ ٹینرف
(نیدرلینڈز) میں حادثہ کا شکار ہوا۔ اس حادثہ میں طیارہ پر سوار 583 افراد ہلاک ہوگئے۔
◉ **بدترین دھماکہ:** دنیا کا بدترین دھماکہ 3 دسمبر 1984ء کو بھوپال (بھارت) میں ہوا جس سے 3,849 افراد ہلاک ہوئے۔ اسی طرح 6 دسمبر 1917ء
ہیلی فیکس (کینیڈا) میں ہونے والے دھماکے نے 1,654 افراد کو موت کی نیند سلا دیا۔
◉ **بدترین طوفان:** جدید عہد کا بدترین طوفان 13 نومبر 1970ء کو بنگلہ دیش میں آیا۔ اس طوفان سے تین لاکھ افراد لقمہ اجل بنے۔ اسی طرح 30
اپریل 1991ء کو بنگلہ دیش میں ہی آنے والے ایک اور طوفان سے ایک لاکھ انتالیس ہزار افراد ہلاک ہوئے۔
◉ **بدترین سیلاب:** اگست 1931ء میں چین کے دریا ہوانگ ہی میں آنے والے ایک شدید سیلاب سے 30 سے 70 لاکھ افراد ہلاک ہوئے۔
◉ **دنیا کی سب سے بڑی فوج:** عوامی جمہوریہ چین کی فوج دنیا کی سب سے بڑی فوج ہے۔ یہ 30 لاکھ 55 ہزار افراد، 8,000 ٹینکوں، 4,000 لڑ
طیاروں اور 52 آبدوزوں پر مشتمل ہے۔ افواج کی تعداد کے لحاظ سے روس، امریکہ اور بھارت بالترتیب دوسرے، تیسرے اور چوتھے نمبر پر ہیں۔
◉ **انگریزی زبان کا سب سے عظیم شاعر:** ولیم شیکسپیئر کو بین الاقوامی طور پر انگریزی زبان کا سب سے عظیم شاعر تسلیم کیا جاتا ہے۔ اس کے پانچ ڈرامے
مثلاً مرچنٹ آف وینس، ٹو ویلفتھ نائٹ، ایز یو لائک اٹ، جولیس سیزر، ہیملٹ، اوتھیلو، کنگ لیئر، میکبتھ اور ونٹر زٹیل کو عظیم ادبی شاہکاروں کا درجہ حاصل
ہے۔ کوئی دوسرا برطانوی مصنف اس کے معیار کو نہیں پہنچ سکا۔
◉ **اٹلی کا عظیم ترین شاعر:** دانتے ایلیغیری (1265ء تا 1321ء) اٹلی کا سب سے عظیم شاعر تھا۔ اس کی عظیم تصانیف میں ''دی ڈیوائن کامیڈی''
''لا ویٹا نووا'' شامل ہیں۔
◉ **جرمنی کا عظیم ترین شاعر:** گوئٹے (1749ء تا 1832ء) جرمنی کا عظیم ترین شاعر تھا۔ اس کا رزمیہ ڈرامہ ''گوٹز وان بریشن جن'' اور اس کی خود نوشت
عمری پر مشتمل ناول ''دی ساروز آف ینگ ورتر'' جرمن ادب کے شاہکار ہیں۔ گوئٹے چھ زبانیں جانتا تھا۔ اس نے سٹیج کرافٹ، طبیعیات، فلکیات
فلاسفی اور سائنسز سے متعلقہ کئی کتب کا جرمن زبان میں ترجمہ کیا۔
◉ **بھارت کا عظیم ترین شاعر:** پانچویں صدی عیسوی سے تعلق رکھنے والے شاعر کالی داس کو سنسکرت زبان کا سب سے عظیم بھارتی شاعر تسلیم کیا
ہے۔ اس کے سات شاہکاروں میں دو رزمیہ تحریریں، دو مختصر نظمیں اور تین ڈرامے شامل ہیں۔ اس کا ڈرامہ شکنتلا سنسکرت زبان کا شاہکار مانا جاتا ہے
◉ **روس کا عظیم ترین ناول نگار:** لیو ٹالسٹائی (1828ء تا 1910ء) روس کا عظیم ترین ناول نگار تھا۔ اس کا تعلق انیسویں صدی سے تھا۔ ٹالسٹائی کے
''وار اینڈ پیس'' (جنگ اور امن) جو کہ 1865ء تا 1869ء کے عرصہ کے درمیان لکھا گیا، روسی ادب کا ایک عظیم شاہکار ہے۔
◉ **فارسی زبان کا عظیم ترین شاعر:** شیخ سعدی کو بین الاقوامی طور پر فارسی زبان کا عظیم ترین شاعر تسلیم

نے اُسے عالمی شہرت دی۔

● **سب سے زیادہ دھوپ والی جگہ:** امریکہ کی ریاست ایریزونا میں واقع مقام ''یم'' دنیا میں سب سے زیادہ دھوپ والی جگہ ہے۔ یہ جگہ 91 فیصد ممکنہ تمثوں میں دھوپ حاصل کرتی ہے۔

